سوال

(113) تراویح میں پورا قرآن شریف ختم کرنا ضروری ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

تراویح میں پورا قرآن شریف ختم کرنا ضروری ہے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

تراویح میں پورا قرآن ختم کرنا سنت ہے۔ ضروری نہیں ہے، حافظ قرآن کو اس سنت پر عمل کرنے کی کوشش کرنی چاہیے۔ اور جو حافظ نہیں ہیں۔ وہ حافظ کی اقتداء میںپورا قرآن سنیں۔ جیساکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں ابی بن کعب اور تمیم داری کی اقتداء میں لوگ نماز تراویح پڑھتے تھے، واللہ اعلم۔

(شیخ الحدیث مولانا عبدالسلام بستوی دہلی) (ترجمان دہلی صفر ۱۳۸۲ھ مطابق ۱۹۶۲ء)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد06ص346

محدث فتویٰ